© rasailojaraid.com

حق گو کے کیا جا سکتا ہے اور اس کی طرف سے جائز مطالبات اٹھائے جا سکتے ہیں۔ مگر یہ راستہ جانا صوبائیت کی طرف ہے اور پاکستان آہستہ آہستہ خارج از بحث ہوتا جاتا ہے۔ صوبہ پرست سیاست کاروں کی یہ بڑی خواہش و کوشش ہے کہ ایک بار پنجاب اور اس کے سیاست کاروں کو بھی وہ گھسیٹ کر اپنے پسندیدہ میدان جنگ میں لے جائیں۔

میرا خیال ہے کہ گیلانی صاحب کو اس کا پوری طرح احساس ہے اور وہ شاید آگے چل کر "پاکستان کی آواز" یا "اسلام کی آواز" کے موضوعات پر مزید کتابیں لکھ کر توازن درست کر دیں۔

---

**نگارخانہ عظمت میں** مرتبہ: شفیق الاسلام فاروقی۔ ناشر: حرا پبلی کیشنز۔ ۱۴/۲ فضل الٰہی مارکیٹ، اردو بازار لاہور ۲۔ قیمت: ۱۵/- روپے۔

جناب شفیق الاسلام فاروقی کے دل میں تحریک اسلامی کے فروغ کی بہت لگن ہے اور انہوں نے خدمتِ دین کے لیے نئے نئے راستے نکال کر بڑا وقیع کام کیا ہے۔ خصوصاً مسلم اور مغربی ممالک میں خط و کتابت اور لٹریچر کے ذریعے تبلیغ کے لیے بہت محنت کی ہے۔ اب وہ تحریر و اشاعت کے دائرے میں نمودار ہوتے ہیں۔ انہوں نے "نگارخانہ عظمت میں" ملتِ اسلامیہ کے اسلاف و اکابر، سپہ سالار اور احکام، علماء اور اولیاء کی زندگیوں کے بہت ہی ایمان پرور اور جذبہ انگیز واقعات و اقوال جمع کیے ہیں۔

نوجوانوں، بچوں اور خواتین و طالبات کو اس کتاب سے ضرور استفادہ کرنا چاہیے۔

---

© rasailojaraid.com